# دیکھ بھال کا چارٹ (گوشوارہ)

"I" معائنہ کریں۔ "C" صاف کریں "R" تبدیل کریں "A" ایڈجسٹ کریں۔ "L" آئل لگائیں۔

| | وقفہ / آئٹم | جو بھی پہلے آئے ← | اوڈومیٹر کی ریڈنگ نوٹ (1) | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1000 کلومیٹر | 3000 کلومیٹر | 5000 کلومیٹر | 7000 کلومیٹر | 9000 کلومیٹر | 11000 کلومیٹر | حوالہ |
| ○ | پیٹرول کی لائن | | | I | I | I | I | I | |
| ○ | پیٹرول کی اسکرین (چھلنی) | | C | C | C | C | C | C | |
| ○ | تھراٹل کا عمل | | I | I | I | I | I | I | صفحہ 29 |
| ○○ | کاربوریٹر | | | C | C-A | C | C-A | C | |
| ○ | ایئر کلینر | نوٹ (2) | | C | R | C | R | C | |
| ○ | اسپارک پلگ | | | I | I | I | I | R | |
| ○○ | والو کلیئرنس | | I | I | I | I | I | I | |
| ○ | انجن آئل | نوٹ (3) | پہلی مرتبہ 500 کلومیٹر پر اس کے بعد ہر 2000 کلومیٹر پر تبدیل کریں۔ | | | | | | صفحہ 22 |
| ○○ | انجن آئل فلٹر اسکرین (چھلنی) | | ہر 12000 کلومیٹر کے بعد صاف کریں۔ | | | | | | |
| ○○ | سینٹری فیوگل آئل فلٹر | | | | | | | | |
| ○ | انجن آئیڈل اسپیڈ | | I | I | I | I | I | I | صفحہ 36 |

Atlas Honda

| | آئٹم / وقفہ | جو بھی پہلے آئے ← ↓ | اوڈومیٹر کی ریڈنگ نوٹ (1) | | | | | | حوالہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1000کلومیٹر | 3000کلومیٹر | 5000کلومیٹر | 7000کلومیٹر | 9000کلومیٹر | 11000کلومیٹر | |
| ○ | ڈرائیو چین | | I.L ہر500 کلومیٹر | | | | | | صفحہ36 |
| ○ | بیٹری | | I | I | I | I | I | I | |
| ○ | بریک شو کی گھسائی | | | I | I | I | I | I | صفحہ31-32 |
| ○ | بریک سسٹم | | I | I | I | I | I | I | |
| ○ | بریک لائٹ سوئچ | | I | I | I | I | I | I | |
| ○ | ہیڈ لائٹ فوکس | | I | I | I | I | I | I | |
| ○ | کلچ سسٹم | | I | I | I | I | I | I | صفحہ30 |
| ○ | سائیڈ اسٹینڈ / مین اسٹینڈ | | | I | I | I | I | I | |
| ○ | سسپینشن | | I | I | I | I | I | I | |
| ○ | نٹس، بولٹس اور کسائی کی چیزیں | | I | I | I | I | I | I | |
| ○○ | پہیئے / رتاریں | | I | I | I | I | I | I | |
| ○○ | اسٹیئرنگ ہیڈ بیئرنگ | | I | | | | I | I | |

○ ان چیزوں کی سروس ہنڈا کے مقرر کردہ ڈیلر سے کروائیں۔ آپ خود اس وقت تک سروس مت کریں جب تک کہ آپ کے پاس معقول اوزار اور سروس کا ڈیٹا نہ ہو اور آپ خود مکینیکل کام کے ماہر نہ ہوں۔ حوالہ کے لئے ہنڈا کا شاپ مینوئل دیکھیں۔


○○ ہمارا مشورہ ہے کہ حفاظت کے مدنظر ان چیزوں کی سروس صرف ہنڈا کے مقرر کردہ ڈیلر ہی سے کروائیں۔

نوٹ:- (1) اوڈومیٹر ریڈنگ زیادہ ہونے کی صورت میں اوپر دیئے گئے وقفے کو دہرائیں۔
(2) جب کچے علاقوں میں سواری کریں تو کم وقفہ پر سروس کروائیں۔
(3) سواری کے مخصوص حالات اور انجن کی حالت کے پیش نظر کم وقفہ سے تبدیل کریں۔

Atlas Honda

# پارٹس کی نشاندہی


## دائیں طرف




(1) پچھلا فٹ ریسٹ　(3) کک اسٹارٹر پیڈل　(5) بریک پیڈل　(7) کلچ لیور　(9) پیچھے دیکھنے کا آئینہ

(2) دایاں سائیڈ کور　(4) دایاں فُٹ ریسٹ　(6) انجن آئل گیج　(8) تھراٹل گرپ　(10) سپیڈومیٹر

# بائیں طرف





Atlas Honda

(1) پیٹرول کاک
(2) گیئرشفٹ پیڈل
(3) بایاں فُٹ ریسٹ
(4) مین اسٹینڈ
(5) بایاں سائیڈ کور
(6) سائیڈ اسٹینڈ
(7) بیٹری کمپارٹمنٹ
(8) پچھلا فٹ ریسٹ
(9) اگلا بریک لیور
(10) پیٹرول ٹینک کا ڈھکنا

# آلات اور انڈیکیٹرز

ہیڈلائٹ کے اوپر اسپیڈومیٹر میں انڈیکیٹرز ہوتے ہیں۔
ان کی کارکردگی خاکے میں بیان کی گئی ہے۔





اسپیڈومیٹر


| نمبرشمار | عمل | تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | اسپیڈومیٹر | موٹرسائیکل سواری کے دوران اسپیڈ ظاہر کرتا ہے۔ |
| 2 | اوڈومیٹر | طے کردہ مجموعی فاصلہ کلومیٹر میں ظاہر کرتا ہے۔ |
| 3 | گیئر رینج انڈیکیٹرز | ہر گیئر کی حد رفتار ظاہر کرتے ہیں۔ |
| 4 | نیوٹرل انڈیکیٹر (سبز) | اس وقت روشن ہوتا ہے جب موٹرسائیکل کسی بھی گیئر میں نہ ہو۔ |
| 5 | ہائی بیم انڈیکیٹر (نیلا) | جب ہیڈلائٹ ہائی بیم پر ہو تو جلتا ہے۔ |
| 6 | ٹرن سگنل انڈیکیٹرز (سبز) | جب ٹرن سگنل سے کام لیا جائے تو جلتا بجھتا ہے۔ |

Atlas Honda

# اگنیشن سوئچ




(1) اگنیشن سوئچ (2) اگنیشن کی چابی




1 - اگنیشن سوئچ
2 - اگنیشن کی چابی

| چابی کی کیفیت | عمل | چابی کا نکالنا |
|---|---|---|
| آن | انجن اسٹارٹ ہو سکے گا، لائٹیں اور ہارن کام کریں گے۔ | چابی نہیں نکالی جا سکتی |
| آف | انجن اسٹارٹ نہیں ہو سکے گا اور لائٹیں کام نہیں کریں گی۔ | چابی نکالی جا سکتی ہے |

Atlas Honda


# ہیڈلائٹ سوئچ

ہیڈلائٹ سوئچ (1) کی دو کیفیتیں ہیں۔

آن "H" اور آف "●"۔

"H" ہیڈلائٹ، ٹیل لائٹ اور میٹر کی لائٹیں روشن ہونگی۔

"●" ہیڈلائٹ، ٹیل لائٹ اور میٹر کی لائٹیں روشن نہیں ہونگی۔




(1) ہیڈلائٹ سوئچ (2) ہیڈلائٹ ڈِمرسوئچ (3) ٹرن سگنل سوئچ
(4) ہارن بٹن

## ہیڈلائٹ ڈِمرسوئچ (2)

تیز روشنی کیلئے "HI" اور مدہم روشنی کیلئے "LO" کا انتخاب کریں۔

## ٹرن سگنل سوئچ (3)

بائیں جانب کا سگنل دینے کیلئے "L" کے نشان پر لائیے اور دائیں جانب کا سگنل دینے کیلئے "R" کے نشان پر لائیے۔

**احتیاط:**


مطلوبہ رُخ پر مُڑنے کے بعد ٹرن سگنل سوئچ کو درمیان میں کرنا نہ بھولیں۔

## ہارن بٹن (4)

ہارن بجانے کے لئے بٹن دبائیے۔

Atlas Honda

# اسٹیئرنگ لاک



(1) اسٹیئرنگ کا لاک


اسٹیئرنگ لاک (1) اسٹیئرنگ کالم کے نیچے دونوں شاکس کے درمیان لگا ہوا ہے۔

اسٹیئرنگ لاک کرنے کیلئے ہینڈل کو انتہائی بائیں جانب گھمایئے۔
لاک کے سوراخ میں چابی داخل کرکے چابی دائیں جانب گھمایئے۔

Atlas Honda

# پیٹرول والو

تین سمت والا پیٹرول والو، پیٹرول ٹینک سے کاربوریٹر میں پیٹرول کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔




آن **(On):** موٹرسائیکل چلانے کی عام حالت۔

● آف **(Off):** پارکنگ، اسٹور کرنے یا ٹرانسپورٹیشن کے لیے۔


ریزرو **(Res):** پیٹرول ڈلوانے کے لیے پیٹرول پمپ تک پہنچنے کے لیے اضافی پیٹرول۔

# پیٹرول ٹینک

پیٹرول ٹینک میں 1.0 لیٹر ریزرو سمیت کل 8.6 لیٹرز کی گنجائش ہے۔ پیٹرول ٹینک کا ڈھکنا (1) کھولنے کے لئے اگنیشن کی چابی (2) دائیں سمت گھمائیے۔

# پیٹرول کا انتخاب

کم از کم 87 آکٹین نمبر یا اس سے زیادہ۔




(1) پیٹرول ٹینک کا ڈھکنا (2) اگنیشن کی چابی

Atlas Honda

# انجن آئل

ہمیشہ اٹلس ہنڈا جینوئن انجن آئل استعمال کریں۔

## مجوزہ ملٹی گریڈ انجن آئل


SAE20W-40 (API-SG/JASO-MA)

ملٹی گریڈ انجن آئل تقریباً تمام موسموں میں بہتر ہے۔




اٹلس ہنڈا جینوئن انجن آئل

# انجن آئل چیک کرنا




1- اگر انجن ٹھنڈا ہے تو اسے 3 تا 5 منٹ کے لیے اسٹارٹ چھوڑ دیں۔

2- اگنیشن سوئچ کو آف پوزیشن پر لائیں اور 2 تا 3 منٹ انتظار کریں۔

3- اپنی موٹر سائیکل کو مین اسٹینڈ پر ہموار اور مضبوط جگہ پر کھڑا کریں۔

4- آئل بھرنے والا ڈھکن/ آئل گیج نکالیں اور اسے صاف کریں۔

5- آئل گیج کو دوبارہ لگائیں اور ٹائٹ کیے بغیر باہر نکالیں۔

6- چیک کریں کہ آئل گیج پر آئل کی سطح اوپری نشان اور نچلے نشان کے درمیان ہے۔

7- آئل گیج نہایت احتیاط کے ساتھ واپس لگا دیں۔

Atlas Honda

# انجن اسٹارٹ کرنا

**تنبیہہ**

○ بند جگہ پر انجن مت چلائیں کیونکہ خارج شدہ ہوا میں زہریلی کاربن مونو آکسائیڈ گیس شامل ہوتی ہے، جو کہ بے ہوشی یا موت کا باعث بن سکتی ہے۔

○ اگر موٹر سائیکل گیئر میں ہو تو اسے اسٹارٹ کرنے کی کوشش مت کریں۔ ایسا کرنے سے موٹر سائیکل کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور آپ بھی زخمی ہو سکتے ہیں۔

## انجن اسٹارٹ کرنے کی تیاری

1- اس بات کا یقین کرلیں کہ ٹرانسمیشن نیوٹرل حالت میں ہے اور پیٹرول والو "ON" کے نشان پر ہے۔


2- چابی گھما کر اگنیشن سوئچ کو "ON" پر لائیں۔ نیوٹرل انڈیکیٹر (سبز) کو روشن ہو جانا چاہیئے۔

## انجن اسٹارٹ کرنا (ٹھنڈی حالت میں)

1 - چوک لیور (1) کو اٹھا کر مکمل بند "A" کیفیت میں لے جائیں۔

2 - تھراٹل تھوڑا سا کھولیں۔

3 - دائیں پاؤں سے کک اسٹارٹر کو آہستہ سے مزاحمت کی حد تک نیچے لائیں پھر مستعدی کے ساتھ کک لگائیں۔





(1) چوک لیور (A) مکمل بند (B) مکمل کھلا

## احتیاط

○ کک اسٹارٹر (1) کو تیزی سے واپس آ کر پیڈل اسٹاپ کے ساتھ مت لگنے دیں۔ انجن کیس کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

4 - تھراٹل کو آہستہ آہستہ کھول، بند کر کے انجن گرم کریں۔ حتیٰ کہ چوک کو مکمل کھلا ''B'' حالت میں لانے کے باوجود انجن روانی سے اسٹارٹ رہے۔

5 - انتہائی ٹھنڈی حالت میں انجن کو اسٹارٹ کرنے سے قبل کک اسٹارٹر کو کئی مرتبہ حرکت دیکر انجن کو گرم کریں۔ اس وقت اگنیشن سوئچ ''OFF''، چوک بند اور تھراٹل کھلی ہونی چاہیئے۔




(1) ککِ اسٹارٹر

## انجن اسٹارٹ کرنا (گرم حالت میں)

1 - چوک ہرگز استعمال نہیں کریں۔

2 - تھراٹل تھوڑا سا کھولیں۔

3 - دائیں پاؤں سے کک اسٹارٹر کو آہستہ سے مزاحمت کی حد تک نیچے لائیں پھر مستعدی کے ساتھ کک لگائیں۔

## انجن میں زیادہ پیٹرول آنا

اگر بار بار کوشش کرنے کے باوجود انجن اسٹارٹ نہ ہو تو اس کی وجہ پیٹرول کی زیادتی ہوسکتی ہے۔ انجن میں آیا ہوا زیادہ پیٹرول صاف کرنے کے لئے چوک لیور کو مکمل کھلا ''B'' حالت میں لے آئیں، تھراٹل پوری طرح کھولیں اور اگنیشن سوئچ ''OFF'' کر کے کک اسٹارٹر کے ذریعہ کئی مرتبہ کک لگائیں۔ اگنیشن سوئچ ''ON'' کر کے انجن اسٹارٹ کرنے کے طریقہ پر عمل کریں۔

Atlas Honda

## موٹر سائیکل رواں کرنے کا طریقہ (بریک ان)

موٹر سائیکل چلانے کے ابتدائی مرحلے (تقریباً 1000 کلومیٹر تک) میں کسی بھی گیئر میں 50% فیصد سے زیادہ اسپیڈ پر مت چلائیں اور اوورلوڈنگ نہ کریں۔

پورا تھراٹل استعمال کرنے سے احتیاط کریں اور زیادہ دیر تک مسلسل تھراٹل مت استعمال کریں ابتدائی مرحلے کے دوران نئے پرزوں کی سطحوں کا ایک دوسرے سے اتصال ہوگا جس کی وجہ سے سطحیں جلد ہی گھس جائیں گی۔ پہلے مرحلے میں ان کی دیکھ بھال کا مقصد ابتدائی معمولی گھسائی کی تلافی کرنا ہوتا ہے اس ابتدائی دیکھ بھال سے انجن کی کارکردگی اور سروس کی میعاد میں اضافہ ہوگا۔

## احتیاط

ابتدا میں پہلی مرتبہ 500 کلومیٹر پر انجن آئل تبدیل کریں۔

Atlas Honda

# گیئرز کی منتقلی

**تنبیہہ**

- ○ موٹرسائیکل چلانے سے قبل اس کی دیکھ بھال (صفحہ13-14) کو مدنظر رکھیں۔
- ○ موٹرسائیکل چلانے سے قبل یقین کرلیں کہ سائیڈاسٹینڈپوری طرح اٹھاہواہے۔اگراسٹینڈکھلاہواہوتوبائیں طرف مڑنے میں اسکی وجہ سے کنٹرول میں دشواری ہوگی۔

1- انجن گرم ہونے کے بعد موٹرسائیکل سواری کے لئے تیار ہوجاتی ہے۔

2- جب انجن رواں حالت میں ہوتوکلچ لیور دبایئے اور گیئر شفٹ پیڈل دباکر پہلا گیئر لگایئے۔


3- آہستہ آہستہ کلچ لیور چھوڑیں اوراسکے ساتھ ہی تھراٹل کو کھولتے ہوئے انجن کی رفتارمیں بتدریج اضافہ کریں۔کلچ لیور اور تھراٹل میں توازن سے یقینی طور پر موٹرسائیکل کو مناسب اورمتوازن انداز میں چلایاجاسکتاہے۔

4- جب موٹرسائیکل معتدل رفتار پر پہنچ جائے تو تھراٹل بند کرتے ہوئے کلچ لیوردوبارہ دبائیں اورگیئرشفٹ پیڈل کودباکردوسرے گیئرمیں لےآئیں۔

5- اس ترتیب کو دہراتے ہوئے تیسرے اور چوتھے (ٹاپ) گیئرمیں لےآئیں۔

## احتیاط

گیئرتبدیل کرنے سے پہلے کلچ دبانا اورتھراٹل بندکرنا مت بھولئے کیونکہ زیادہ اسپیڈ اورجھٹکوں کی وجہ سے انجن اور ڈرائیو چین کونقصان پہنچ سکتاہے۔




گیئر بدلنے کا طریقہ

Atlas Honda

## بریک لگانا

1 - عام طور پر بریک لگانے کیلئے تھراٹل بند کریں پھر بتدریج دونوں بریک (اگلا اور پچھلا) اکٹھے لگائیں، جب بھی روڈ اسپیڈ کے مطابق چھوٹا گیئر لگانا ہو۔

2 - رفتار انتہائی کم کرنے یا فوراً رکنے کیلئے تھراٹل بند کرتے ہوئے اگلا اور پچھلا بریک مضبوطی سے لگائیں اور مکمل رکنے سے قبل کلچ لیور دبالیں تاکہ موٹر سائیکل بند نہ ہونے پائے۔

**تنبیہہ**

○ صرف اگلا یا پچھلا بریک لگانے کی صورت میں روکنے کے عمل میں کمی واقع ہوتی ہے۔ پورے زور سے کسی ایک بریک کے استعمال سے پہیہ جام ہوسکتا ہے جس سے موٹر سائیکل کا کنٹرول مشکل ہوجاتا ہے۔

○ موڑ میں داخل ہونے سے پہلے رفتار کم کریں یا بریک لگائیں۔ تھراٹل بند کرنا یا موڑ کے وسط میں بریک لگانا پہیہ کے پھسلنے کا باعث بنتا ہے۔

○ گیلی سڑک، بارش کی کیفیت میں یا کچے راستوں پر سواری کرتے وقت موٹر سائیکل روکنے اور کنٹرول کرنے کی اہلیت کم ہوجاتی ہے۔ ایسے حالات میں آپ کی تمام حرکات ہموار ہونی چاہیئں اچانک بریک لگانے، رفتار بڑھانے یا گھومنے سے کنٹرول کم ہوسکتا ہے۔ اپنی حفاظت کے لئے، بریک لگاتے، رفتار بڑھاتے یا گھومتے وقت بہت احتیاط سے کام لیں۔

○ لمبے ڈھلان والے راستے سے اترتے وقت وقفہ وقفہ سے دونوں بریکوں کے ساتھ گیئر بدل کر انجن کمپریشن کو بھی بطور بریک استعمال کریں۔ مسلسل استعمال سے بریک گرم ہوکر اپنا اثر زائل کردیتے ہیں۔

## پارک کرنا

موٹر سائیکل روکنے کے بعد ٹرانسمیشن کو نیوٹرل "N" پوزیشن میں لے آئیں اور پیٹرول والو اور اگنیشن سوئچ "OFF" پر لاکر چابی نکال لیں۔

**احتیاط** ○ موٹر سائیکل کو گرنے سے بچانے کے لئے ہموار اور سخت زمین پر پارک کریں۔


○ سائیڈ اسٹینڈ پر موٹر سائیکل پہلے گیئر میں کھڑی کریں۔

Atlas Honda

# تھراٹل کا عمل

## کیبل کا معائنہ

تھراٹل کے دستے کو پورا کھلنے اور بند ہونے کی حد تک گھما کر چیک کریں کہ یہ آسانی سے گھومتا ہے یا نہیں۔ یہ عمل اسٹیئرنگ کو انتہائی بائیں اور انتہائی دائیں جانب گھما کر بھی چیک کریں۔ تھراٹل کیبل





(1) فری پلے

کی کیفیت تھراٹل کے دستے سے لے کر کاربوریٹر تک چیک کریں۔ اگر کیبل میں خم ہو یا ٹوٹا ہوا ہو یا صحیح جگہ پر نہ ہو تو اسے تبدیل کریں اور صحیح جگہ پر لگائیں۔ معیاری فری پلے (1) دستے کے چکر کا تقریباً 2-6mm ہے۔

## فری پلے کو ایڈجسٹ کرنا

لاک نٹ (2) کو ڈھیلا کریں اور ایڈجسٹر (3) کو گھمائیں۔





(2) لاک نٹ (3) ایڈجسٹر
(A) فری پلے گھٹائیں (B) فری پلے بڑھائیں

Atlas Honda

# کلچ


کلچ لیور (1) پر فری پلے (2) 10-20 mm ہونی چاہیئے۔

فری پلے (2) ایڈجسٹ کرنے کے لئے لاک نٹ (3) ڈھیلا کریں۔
مطلوبہ فری پلے حاصل کرنے کے لئے کلچ کیبل ایڈجسٹر (4) گھمائیں۔ لاک نٹ کسنے کے بعد کیفیت دوبارہ چیک کریں۔




(1) کلچ لیور

نوٹ:
○ اگر صحیح ایڈجسٹ کرنا مشکل ہو یا کلچ صحیح کام نہ کرتا ہو تو اپنے بااختیار ڈیلر سے رجوع کریں۔





(3) لاک نٹ (4) کلچ کیبل ایڈجسٹر
(A) فری پلے کم کرنا (B) فری پلے بڑھانا

Atlas Honda

# اگلا بریک

1 - بریک لیور (1) کے سرے پر پیمائش کے مطابق فری پلے (2) 10-20mm ہونا چاہیئے۔

2 - ایڈجسٹمنٹ نٹ (3) جو اگلے بریک آرم (4) پر ہے گھما کر فری پلے ایڈجسٹ کریں۔





(1) اگلا بریک لیور (2) فری پلے

اس بات کو یقینی بنائیے کہ ایڈجسٹمنٹ نٹ پر موجود کٹ آؤٹ بریک آرم پن (5) پر بیٹھ گیا ہے۔

3 - بریک کوئی بار لگائیے اور بریک چھوڑنے کے بعد پہیہ کا آزادانہ گھومنا چیک کریں۔

**نوٹ:-**

○ اگر اس طریقے سے مناسب ایڈجسٹمنٹ حاصل نہیں ہوتی تو اپنے بااختیار ہنڈا ڈیلر سے رجوع کریں۔




(3) ایڈجسٹمنٹ نٹ (4) اگلا بریک آرم (5) بریک آرم پن (A) چال میں کمی (B) چال میں اضافہ

Honda


# پچھلا بریک

1 - موٹرسائیکل کو مین اسٹینڈ پر کھڑی کریں۔

2 - پچھلے بریک کے پیڈل (1) کا فاصلہ ناپئے (2) جو بریک کی گرفت شروع ہونے سے پہلے پیڈل طے کرتا ہے۔

**فری پلے (2) 20-30mm ہونا چاہیئے۔**

3 - اگر ایڈجسٹمنٹ ضروری ہے تو پچھلا بریک کا ایڈجسٹمنٹ نٹ (3) گھمائیں۔





(1) پچھلا بریک پیڈل (2) فری پلے

4 - بریک کو کئی بار لگانے اور چھوڑنے پر پہیہ کا آزادانہ گھومنا چیک کریں۔

**نوٹ:-**

یہ اچھی طرح دیکھ لیں کہ فائنل ایڈجسٹمنٹ کے بعد ایڈجسٹمنٹ نٹ پرکٹ آؤٹ بریک آرم پن پر صحیح بیٹھ گیا ہے۔




(2) ایڈجسٹمنٹ نٹ (A) چال میں کمی (B) چال میں اضافہ

Honda

# ٹائرز

ٹائرز میں ہوا کے صحیح دباؤ کی وجہ سے موٹر سائیکل نہ صرف سڑک پر جم کر چلتی ہے بلکہ سواری بھی آرام دہ ہوتی ہے اور ٹائر کی کارکردگی اور میعاد میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ اس لئے ٹائر پریشر متواتر چیک کیجئے اور ضرورت ہو تو پورا کیجئے۔

## نوٹ:

- ○ ٹائر پریشر کو سواری سے پہلے ٹھنڈی حالت میں چیک کیجئے۔
- ○ چیک کیجئے کہ ٹائرز میں کسی قسم کا کٹ، کیل یا کوئی اور نوکیلی چیز نہ ہو۔

## تنبیہہ

- ○ ٹائرز میں ہوا کا نامناسب دباؤ ٹائر کی معیاد کم کرتا ہے اور حفاظتی طور پر خطرناک ہے۔ ہوا کم ہونے سے ٹائر رم کے اوپر سے سلپ یا الگ ہوسکتا ہے۔
- ○ گھسے ہوئے ٹائروں کے ساتھ موٹر سائیکل چلانا خطرناک ہے۔ اس کی وجہ سے موٹر سائیکل چلانا، موڑنا اور سنبھالنا دشوار ہوتا ہے۔
- ○ ناکارہ ٹائر یا اندرونی ٹیوب کو جوڑ لگوانے کی کوشش نہ کریں۔ اس سے وہیل بیلنس اور ٹائر کی کارکردگی متاثر ہوسکتی ہے۔
- ○ ٹائرز کے سینٹر والے ٹریڈ کی گہرائی مندرجہ ذیل حد کو پہنچنے سے پہلے ٹائرز تبدیل کریں۔

ٹائر کی گہرائی کی حد:

اگلا ٹائر 1.5mm پچھلا ٹائر 2.0mm

| | | |
|---|---|---|
| ٹھنڈے ٹائر کا پریشر | اگلا پہیہ 25PSI | پچھلا پہیہ 29-33PSI |
| ٹائر کا سائز | اگلا پہیہ 2.25-17 4PR | پچھلا پہیہ 2.50-17 4PR |

Atlas Honda